# ماڈیول ۱۹

## ادب کی اہمیت اور اس کی اقسام

سبق میں امام ابن قیم رحمہ اللہ کے قول کی روشنی میں بتایا گیا کہ ادب دنیا و آخرت کی بھلائیوں کا ذریعہ ہے، جبکہ ادب کی کمی نقصان کا سبب بنتی ہے۔ ادب کو تین اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے: اللہ کے ساتھ ادب، رسول کریم ﷺ کے ساتھ ادب، اور مخلوقات کے ساتھ ادب۔ اللہ کے ساتھ ادب میں اس کے احکام کی تعظیم اور ان پر عمل شامل ہے۔ رسول کریم ﷺ کے ساتھ ادب میں آپ ﷺ کی تعلیمات کی پیروی اور آپ ﷺ سے محبت، دنیا کی ہر چیز سے زیادہ ہونی چاہیے۔

## ایمان اور محبت رسول ﷺ

ایمان کے چھ ارکان میں انبیاء اور رسولوں پر ایمان بھی شامل ہے، جس میں ہر نبی اور رسول کو اللہ کا برگزیدہ ماننا لازم ہے۔ نبی کریم ﷺ کو آخری رسول تسلیم کرنا ایمان کا لازمی جز ہے، اور آپ ﷺ کے بعد کسی نبی کا آنے کا عقیدہ رکھنا ایمان کے منافی ہے۔ رسول اللہ ﷺ سے محبت دنیا و ما فیہا اور اپنی جان سے بھی بڑھ کر ہونی چاہیے، یہ محبت ایمان کی بنیاد ہے۔

## رسول اللہ ﷺ کے ادب کا مقام

رسول اللہ ﷺ کا ادب ایمان کا بنیادی حصہ ہے۔ قرآن کریم میں بھی رسول اللہ ﷺ کے ادب کے متعدد احکام بیان کیے گئے ہیں۔ جیسے کہ سورہ حجرات میں حکم دیا گیا ہے کہ اپنی آوازوں کو نبی کریم ﷺ کی آواز سے بلند نہ کرو۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے رسول اللہ ﷺ کے ادب میں بہترین مثالیں قائم کیں، جیسے کہ وضو کے پانی کو زمین پر گرتے ہی اپنے جسم پر مل لیتے۔

## رسول اللہ ﷺ کی سنت کی پیروی

رسول اللہ ﷺ کی سنت کی پیروی کو ایمان کا تقاضا قرار دیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا کہ دین کے احکام میں اپنی مرضی شامل نہ کرو اور نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کو فوقیت دو۔ سنت کی خلاف ورزی اور بدعت کو بے ادبی قرار دیا گیا ہے، کیونکہ یہ دین کے ناقص ہونے کا اشارہ ہے۔ عمل کی قبولیت کے لیے اخلاص اور سنت کی پابندی ضروری ہے۔ نبی اکرم ﷺ کی مسجد کا ادب کرنا اور ان کا ذکر آتے ہی صلوات و سلام بھیجنا، یہ آداب کا حصہ ہے۔

## صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا ادب

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے رسول اللہ ﷺ کے ادب کا ایسا اعلیٰ معیار پیش کیا کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ کی مجلس میں مکمل سکوت اختیار کیا۔ ان کی مثالیں ہمارے لیے آج بھی مشعل راہ ہیں۔ ان کی مجالس میں رسول اللہ ﷺ کے فرمان کو سن کر عمل پیرا ہونا اور اس کی تعظیم کرنا ان کے ادب کی گواہی ہے۔

## والدین اور اساتذہ کے ساتھ ادب

والدین اور اساتذہ کے ادب کو مخلوقات کے ادب میں سب سے بلند درجہ دیا گیا ہے۔ والدین کا ادب اور ان کی خدمت حتیٰ کہ ان کے بڑھاپے میں بھی شفقت سے پیش آنا لازم ہے۔ اساتذہ اور علماء کا ادب بھی اہم ہے، کیونکہ وہ دین کی راہ پر چلنے والے اور انبیاء کے وارث ہیں۔ ان کے علم اور ادب کو اپنانا اور ان کی قدر کرنا لازمی ہے۔ سیدنا ابو ھریرۃ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مسلمان پر دوسرے مسلمان کے چھے حق ہیں۔" یہ چھے حق ہیں: جب ملیں تو سلام کریں، جب آپ کو دعوت دے تو اسے قبول کریں، جب وہ آپ سے مشورہ کرے تو اسے نصیحت کریں، جب وہ چھینکے اور "الحمد اللہ" کہے تو جواب دیں، "یرحمک اللہ"، اگر وہ بیمار ہو تو اس کی عیادت کریں، اگر وہ وفات پا جائے تو اس کے جنازے میں شرکت کریں۔ اسلام نے ہر طرح کے آداب سکھائے ہیں، چاہے وہ انسانوں سے متعلق ہوں یا جانوروں سے۔

## ہمسائے اور عام لوگوں کے حقوق

اسلام نے ہمسایوں اور عام لوگوں کے حقوق پر بھی بہت زور دیا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے ہمسایوں کے ادب کو اس قدر اہمیت دی کہ فرمایا کہ جبریل علیہ السلام نے اس کا ذکر اتنی بار کیا کہ گویا انہیں وراثت میں شریک کر دیا جائے گا۔ہمسایوں کو تکلیف دینے کی ممانعت کی گئی ہے اور ان کا خیال رکھنا ایمان کی علامت ہے۔ایک حدیث میں ذکر کیا گیا ہے کہ ایک عورت کو اس کے ہمسایوں کے ساتھ بدسلوکی کی وجہ سے جھنم میں ڈالا گیا۔

## جانوروں اور بے جان چیزوں کا ادب

اسلام نے جانوروں کے ساتھ بھی ادب کا معاملہ سکھایا ہے، جس میں انہیں تکلیف دیے بغیر ذبح کرنا،اور اگر قیدی ہوں تو ان سے حسن سلوک کرنا شامل ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جانور کو ذبح کرتے وقت چھری کو تیز کر کے اسے آرام پہنچایا جائے۔بے جان چیزوں کے ساتھ ادب میں لوگوں کے لیے تکلیف کا سبب نہ بننا شامل ہے۔

## ادب کے اثرات

اسلام نے ادب کو اس قدر اہمیت دی ہے کہ علماء بھی شاگردوں کے ادب و اطوار کو اہمیت دیتے تھے۔امام مالک رحمہ اللہ کی مجلس میں ہزاروں لوگ آتے تھے،اور ان میں سے صرف چند افراد حدیث لکھتے تھے، باقی لوگ ادب و احترام کے آداب سیکھنے آتے تھے۔ عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ہمیں علم سے زیادہ تھوڑے سے ادب کی ضرورت ہے، تاکہ علم کے ساتھ ساتھ ادب و احترام میں بھی ہمارا مقام بلند ہو۔

## Adab Ki Ahmiyat Aur Is Ki Aqsam

Sabaq mein Imam Ibn Qayyim رحمہ اللہ ke qoul ki roshni mein bataya gaya ke adab duniya aur aakhirat ki bhalaaiyon ka zariya hai, jabke adab ki kami nuqsan ka sabab banti hai. Adab ko teen aqsam mein taqseem kiya gaya hai: Allah ke saath adab, Rasool Kareem ﷺ ke saath adab, aur makhluqat ke saath adab. Allah ke saath adab mein uske ahkaam ki tazeem aur unpar amal shamil hai. Rasool Kareem ﷺ ke saath adab mein aap ﷺ ki taleemat ki pairwi aur aap ﷺ se mohabbat, duniya ki har cheez se zyada honi chahiye.

## Imaan Aur Mohabbat-e-Rasool ﷺ

Imaan ke chhay arkaan mein ambiya aur rusulon par imaan bhi shamil hai, jismein har nabi aur rasool ko Allah ka barguzida maanna laazim hai. Nabi Kareem ﷺ ko aakhri rasool tasleem karna imaan ka laazmi juzz hai, aur aap ﷺ ke baad kisi nabi ka aane ka aqeeda rakhna imaan ke munafi hai. Rasool Allah ﷺ se mohabbat duniya wa mafiha aur apni jaan se bhi barh kar honi chahiye, ye mohabbat imaan ki buniyad hai.

## Rasool Allah ﷺ Ke Adab Ka Maqam

Rasool Allah ﷺ ka adab imaan ka buniyadi hissa hai. Quran Kareem mein bhi Rasool Allah ﷺ ke adab ke muta'addid ahkaam bayan kiye gaye hain. Jaise ke Surah Hujurat mein hukum diya gaya hai ke apni aawazon ko Nabi Kareem ﷺ ki aawaz se buland na karo. Sahaba Karam رضی اللہ عنہم ne Rasool Allah ﷺ ke adab mein behtareen misaalein qaim ki, jaise ke wuzu ke pani ko zameen par girte hi apne jism par mal lete. Nabi Kareem ﷺ ki masjid ka adab karna aur un ka zikar aate hi salawat o salam bhejna, yeh adab ka hissa hai.

## Rasool Allah ﷺ Ki Sunnat Ki Pairwi

Rasool Allah ﷺ ki sunnat ki pairwii ko imaan ka taqaza qarar diya gaya hai. Allah Ta'ala ne Quran mein farmaya ke deen ke ahkaam mein apni marzi shaamil na karo aur Nabi Kareem ﷺ ki taleemat ko fouqat do. Sunnat ki khilaf warzi aur bid'at ko be-adbi qarar diya gaya hai, kyun ki yeh deen ke naqis hone ka ishaara hai. Amal ki qabooliyat ke liye ikhlas aur sunnat ki pabandi zaroori hai.

## Sahaba Karam رضی اللہ عنہم Ka Adab

Sahaba Karam رضی اللہ عنہم ne Rasool Allah ﷺ ke adab ka aisa a'ala mayaar paish kiya ke unhon ne Nabi Kareem ﷺ ki majlis mein mukammal sukoon ikhtiyar kiya. Unki misaalein hamare liye aaj bhi mash'al-e-raah hain. Unki majalis mein Rasool Allah ﷺ ke farman ko sun kar amal para hona aur iski ta'zeem karna unke adab ki gawahi hai.

## Walidain Aur Asaatza Ke Saath Adab

Walidain aur asaatza ke adab ko makhluqat ke adab mein sab se buland darja diya gaya hai. Walidain ka adab aur unki khidmat hatta ke unke burhappe mein bhi shafqat se pesh aana laazim hai. Asaatza aur ulama ka adab bhi ahem hai, kyunki woh deen ki raah par chalne wale aur ambiya ke waaris hain. Unke ilm aur adab ko apnana aur unki qadr karna lazmi hai.Ek hadees mein zikr kiya gaya hai ke ek aurat ko uske hamsayon ke saath badsulooki ki wajah se jahannam mein daala gaya.

Saidna Abu Hurairah **رضی اللہ عنہ** ne kaha ke Rasool Allah ﷺ ne farmaya: "Ek Musalman par doosre Musalman ke chhe haq hain." Ye chhe haq hain:Jab milo to salam karo,jab aapko dawat de, to usay qubool karo, jab wo aap se mushwara kare to usay naseehat do, jab wo chheenkay aur "Alhamdulillah" kahe to jawab do, "Yarhamukallah," agar wo bimaar ho, to uski iyadat karo aur agar wo wafat kar jaye, to uske janazay mein shirkat karo.” Islam ne har tarah ke adab sikhaye hain, chahe wo insano se ho ya janwaron se.

## Hamsaye Aur Aam Logon Ke Huqooq

Islam ne hamsayon aur aam logon ke huqooq par bhi bahut zor diya hai. Nabi Kareem ﷺ ne hamsayon ke adab ko is qadar ahmiyat di ke farmaya ke Jibril **علیہ السلام** ne iska zikar itni bar kiya ke goya unhein virasat mein shareek kar diya jayega. Hamsayon ko takleef dene ki mumaniyat ki gayi hai aur unka khayal rakhna imaan ki alamat hai. Ek Aurat ka jahannam me honey ka

## Janwaron Aur Bejaan Cheezon Ka Adab

Islam ne janwaron ke saath bhi adab ka maamla sikhaya hai, jismein unhein takleef diye baghair zabah karna, aur agar qaidi hon to unse husn-e-suluk karna shaamil hai. Rasool Allah ﷺ ne farmaya ke janwar ko zabah karte waqt chhuri ko tez kar ke usay aaraam pohnchaya jaye. Bejaan cheezon ke saath adab mein logon ke liye takleef ka sabab na banna shaamil hai.

## Adab Ke Asraat

Islam ne adab ko is qadar ahmiyat di hai ke ulama bhi shagirdon ke adab-o-atwaar ko ahmiyat dete thay. Imam Malik **رحمہ اللہ** ki majlis mein hazaron log aate thay, aur un mein se sirf chand afraad hadees likhte thay, baqi log adab-o-ehteraam ke adaab seekhne aate thay. Abdullah bin Mubarak **رحمہ اللہ** ne farmaya ke humein ilm se zyada thoray se adab ki zaroorat hai, taake ilm ke saath saath adab-o-ehteraam mein bhi hamara maqam buland ho.